ADAMJEE LIFE – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

آدم جی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز

Waiver of Contribution Family Takaful Supplementary Benefit

زرشمولیت میں استثنیٰ کا تکافل ضمنی معاہدہ

(Covering Death by Accident or Sickness)

(حادثے یا بیماری کے باعث انتقال کا تکافل)

This Supplementary Benefit shall be deemed to be incorporated into the Family Takaful Membership to which it is attached ("the Basic Membership") and shall only be valid if it is indicated on the Membership Schedule. If included, the provisions of the Basic Membership, other than those relating to Participant Investment Account (PIA), Monthly Deductions, Fund Charges, Death Benefits, Maturity Benefits, Ad-Hoc Contributions, Non-maintenance of Contributions, Grace Period, Escalation of Contribution, Surrender, Partial Withdrawals, and Fund Practice, shall also refer to this Supplementary Benefit.

In consideration of the regular Contribution applicable to this Supplementary Benefit as stated in the Membership Schedule, the Operator undertakes to provide the benefits mentioned herein, provided that you shall fulfill your own obligations as set out there under.

This Supplementary Benefit shall not acquire any Cash Surrender Value at any time.

1. Waiver of Contribution Benefit

If, while the Basic Membership and this Supplementary Benefit are in force, the Covered Person dies, upon receipt of due proof in writing of the death of the Covered Person, the PTF (Participant Takaful Fund) shall waive the equivalent of the Initial Contribution of the Basic Membership for the remaining term up to the maturity date of this Supplementary Benefit. The Basic Membership will continue as if the Participant was paying the Initial Contribution from the commencement of the death up to the maturity date of this Supplementary Benefit.

The benefit under this Supplementary Benefit will be paid in the manner stated below:

Upon approval of death claim, the Operator shall pay the full sum covered of main plan (or PIA cash value, whichever is higher) and any other supplementary benefits payable upon death (except for this supplementary benefit) to the nominated beneficiary(ies). Upon payment of the above, the entire cash value of the PIA shall be considered consumed and the amount shall be considered nil. With the enforcement of the benefits under this Supplementary Benefit, the Operator shall start and continue to credit the contribution of the Basic Plan in a fresh PIA cash value account from the PTF till the maturity of this Supplementary Benefit. The credited Contribution shall be allocated according to the applicable percentage for that year to this new cash value account and the total cash value accumulated in this manner will be paid to the beneficiary(ies) upon maturity of this Supplementary Benefit.

2. Grace Period

The grace period allowed for payment of any contribution due under this Supplementary Benefit shall be the same as that allowed under the Basic Membership. If at the end of the grace period any contribution due and payable under this Supplementary Benefit has not been paid then the Supplementary Benefit shall terminate and no further cover will be provided hereunder.

Should this Supplementary Benefit terminate within the grace period by the death of the Person covered, any contribution then due and unpaid will be deducted from any amount payable under this Supplementary Benefit.

3. Termination

This Supplementary Benefit shall terminate on the earliest of the following:

(a) The Covered Person's 65thbirthday.

(b) Upon all contributions due for the Basic Membership being paid.

(c) On the Expiry Date of the Supplementary Benefit as shown in the Membership Schedule.

(d) If the Supplementary Benefit contribution remains unpaid after the grace period.

(e) Upon termination or maturity of the Basic Membership.

اس ضمنی معاہدے کو فیملی تکافل ممبر شپ جو کہ (''بنیادی ممبر شپ'') سے منسلک ہے میں شامل سمجھا جائے گا اور اس کا اطلاق اسی صورت میں ہوگا اگر اس کی نشاندہی ممبر شپ شیڈول میں کی گئی ہوگی۔ اگر یہ شامل کیا گیا ہوگا تو، بنیادی ممبر شپ کی دفعات کو، ضمنی معاہدے میں شامل کیا جائے گا۔ ماسوائے پارٹیسپینٹ انوسیٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA)، ماہانہ کٹوتیوں، فنڈ چارجز، انتقال کی صورت میں فوائد، میچورٹی فوائد، ایڈہاک زرشمولیت، زرشمولیت کی عدم ادائیگی، رعایتی مدت، زرشمولیت میں اضافہ، جزوی اور مکمل دستبرداری اور فنڈ پریکٹس کے۔

ممبر شپ شیڈول میں بیان کردہ ضمنی فوائد پر لاگو ہونے والے باقاعدہ زرشمولیت کے نتیجے میں، آپریٹر بیان کردہ فوائد کی فراہمی پر متفق ہے، بشرطیکہ آپ اپنی ذمہ داریوں کو اس ضمنی معاہدے کے تحت پورا کریں۔

اس ضمنی فوائد سے کسی بھی وقت کسی بھی قسم کا کیش سرینڈر ویلیو (جزوی یا مکمل دستبرداری) حاصل نہیں ہو سکے گا۔

1۔ زرشمولیت میں استثنیٰ کا فائدہ

اگر، بنیادی ممبر شپ اور ضمنی فوائد کا معاہدہ قابل اطلاق ہو اور تکافل شدہ کا انتقال ہوجاتا ہے تو، تکافل شدہ کی موت کے تحریری طور پر ثبوت ملنے پر، اس ضمنی معاہدے کے میچورٹی کی تاریخ تک پہنچنے تک بقیہ مدت کے لیے پارٹیسپینٹ تکافل فنڈ (PTF) سے بنیادی ممبر شپ کے ابتدائی زرشمولیت کے برابر استثنیٰ فراہم کرے گا۔ بنیادی ممبر شپ تکافل شدہ کی موت کے بعد سے میچورٹی کی تاریخ تک جاری رہے گی اگر وہ اس ضمنی معاہدے کے تحت ابتدائی زرشمولیت ادا کر رہا ہو۔

اس ضمنی معاہدے کے تحت فائدے ذیل میں بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق ادا کئے جائیں گے:

موت کے کلیم کی منظوری پر، آپریٹر نامزد بینیفشری (بینیفشریز) کو مین پلان (یا PIA کیش ویلیو، جو بھی زیادہ ہو) کے مکمل زرتکافل اور انتقال پر قابل ادا دیگر ضمنی فوائد (سوائے اس ضمنی فوائد کے لیے) کی ادائیگی کرے گا۔ مذکورہ بالا کی ادائیگی پر، PIA کی پوری کیش ویلیو کو استعمال شدہ سمجھا جائے گا اور اس کی رقم کو صِفر قرار دیا جائے گا۔ اس ضمنی معاہدے کے تحت فوائد کے اطلاق ہونے پر، آپریٹر بنیادی پلان کے زرشمولیت کی رقم کو اس ضمنی معاہدے کی میچورٹی تک وقف سے نئے PIA کیش ویلیو اکاؤنٹ میں جمع کروائے گا اور اسے جاری رکھے گا۔ اس نئے کیش ویلیو اکاؤنٹ میں کریڈٹڈ زرشمولیت کی تخصیص اُس سال کے لیے قابل اطلاق فیصد کے مطابق کی جائے گی اور اس طرح اس ضمنی معاہدے کی میچورٹی پر جمع شدہ قل کیش ویلیو بینفشری (بینیفشریز) کو ادا کی جائے گی۔

2۔ رعایتی مدت

ضمنی معاہدے کے تحت کسی بھی زرشمولیت کی واجبات کی ادائیگی کے لیے منظور شدہ رعایتی مدت وہی ہوگی جو بنیادی ممبر شپ کے تحت دی گئی ہے۔ اگر رعایتی مدت کے اختتام پر کسی بھی زرشمولیت کے واجبات کی اور اس ضمنی معاہدے کے تحت ادائیگی نہیں کی گئی ہے تو، ضمنی معاہدے کو ختم کر دیا جائے گا اور اس ضمنی معاہدے کے تحت مزید کوئی تکافل فراہم نہیں کیا جائے گا۔

اگر تکافل شدہ کے انتقال کے باعث یہ ضمنی معاہدہ رعایتی مدت کے دوران ختم ہوجاتا ہے تو، جو بھی زرشمولیت واجب الادا اور غیر اداشدہ ہیں وہ ممبر شپ کے تحت کسی بھی قابل ادا کلیم کی رقم سے کاٹ لیے جائیں گے۔

3۔ منسوخی

اس ضمنی معاہدے کو مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

(a) تکافل شدہ کی 65ویں سالگرہ پر۔

(b) بنیادی ممبر شپ کے لیے تمام واجب الادا زرشمولیت کی ادائیگی پر۔

(c) اس ضمنی معاہدے کی تنسیخ کی تاریخ پر جیسا کہ ممبر شپ شیڈول میں ظاہر کیا گیا ہے۔

(d) اگر اضافی معاہدے کے زرشمولیت رعایتی مدت کے اندر ادا نہ کئے گئے ہوں۔

(e) بنیادی ممبر شپ کے اختتام یا میچورٹی پر۔